LEARN TO SERVE

Govt. Graduate College of Commerce Vhr.

# پراسپکٹس

## 2023-24



## گورنمنٹ گریجوایٹ کالج آف کامرس وہاڑی

برائے رابطہ:
067-3364502

**Rs:250/-**




آئی سی ایس

آئی کام

ڈی کام
برائے طلباء و طالبات

ایف اے
آئی ٹی

ADP
Commerce
(Semester System)
برائے طلباء و طالبات

بی ایس اکاؤنٹنگ اینڈ فنانس
برائے طلباء و طالبات

بی ایس انگلش
برائے طلباء و طالبات

بی ایس اکنامکس
برائے طلباء و طالبات

بی ایس کامرس
برائے طلباء و طالبات



# پرنسپل کا پیغام

## عزیز طلباء وطالبات!

میرے خیال میں کسی قوم کی تہذیب وشائستگی، سیرت وکرداراور تعمیر وترقی کو جانچنے کا ایک ہی پیمانہ ہوسکتا ہے اور وہ پیمانہ کسی بھی قوم کے نوجوانوں کا رویہ ہوتا ہے۔ مختلف اقوام کے نوجوانوں کے رویوں کی تشکیل مختلف انداز میں ہوتی ہے۔

اس تشکیل میں گھریلو ماحول۔ تعلیمی اداروں کا ماحول اور مجموعی معاشرتی ماحول اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ تاہم اس میں اہم ترین کردار اور ذمہ داری طالب علموں پر عائد ہوتی ہے۔ اگر طلباء محنت، سچی لگن، سنجیدگی اور عزم صمیم کے ساتھ حصول علم پر کمر بستہ ہو جائیں تو قوم کی تقدیر بدلنے میں کوئی رکاوٹ آڑے نہیں آسکتی۔

**گورنمنٹ گریجوایٹ کالج آف کامرس وہاڑی** میں طلباء طالبات کو **BS** لیول تک تعلیم دی جاتی ہے۔ اور D.Com میں داخلہ پاتے ہی طلبا وطالبات کی ذہنی اور روحانی تربیت پر خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔ اس ادارہ کا نظم ونسق (Discipline) مثالی ہے۔ پُر امن ماحول میں محنتی اساتذہ کی ایک بے مثال ٹیم قومی تعمیر وترقی کے جذبہ سے لیس ہمہ وقت طلبا وطالبات کی تعلیم وتربیت میں مصروفِ عمل نظر آتی ہے یہ ادارہ قوم کے نونہالوں کے لیے بلاشبہ ایک نعمت ہے۔ قوم کے نونہالوں کے لیے کامرس ایجوکیشن فراہم کرنے والا ضلع وہاڑی کا سب سے بڑا سرکاری تعلیمی ادارہ، اپنے بہترین تعلیمی نتائج ورکھیل کے میدان میں قابلِ فخر کامیابیوں کی بدولت پنجاب کے چند بہترین تعلیمی اداروں میں شمار ہوتا ہے۔ جہاں طلبا وطالبات کی ذہنی روحانی اور اخلاقی تربیت پر بھر پور توجہ دے کر ان کے رویوں میں واضح اور نتیجہ خیز تبدیلی لا کر انہیں مفید شہری اچھے پاکستانی اور سچے مسلمان بنانے کی بھر پور کاوش کی جاتی ہے۔ میں یہاں داخلہ پانے والے خوش قسمت طلبا وطالبات کو مبارکباد دیتا ہوں کہ انہوں نے اپنے لیے بہتر میدانِ عمل اور بہترین ادارہ کا انتخاب کیا ہے۔ جہاں کردار سازی پر بھر پور توجہ دی جاتی ہے۔

**اللہ تعالیٰ آپ کا حامی وناصر ہو۔**

**پروفیسر محمد طاہر تبسّم (پرنسپل)**
**گورنمنٹ گریجوایٹ کالج آف کامرس وہاڑی**











# گورنمنٹ گریجوایٹ کالج آف کامرس وہاڑی

Govt. Graduate College of Commerce Vehari

LEARN TO SERVE

## قواعد نامہ 24-2023ء

آئی سی ایس

آئی کام

ڈی کام
برائے طلباء وطالبات

ایف اے
آئی ٹی

ADP
Commerce
(Semester System)
برائے طلباء وطالبات

بی ایس اکاؤنٹنگ اینڈ فنانس
برائے طلباء وطالبات

بی ایس انگلش
برائے طلباء وطالبات

بی ایس اکنامکس
برائے طلباء وطالبات

بی ایس کامرس
برائے طلباء وطالبات

Ph: 067-3364502

E-mail: gccvehari4@gmail.com
Website: www.gaccvehari.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّکَ الَّذِیْ خَلَقَ ۚ ﴿١﴾ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ۚ ﴿٢﴾

اِقْرَاْ وَرَبُّکَ الْاَکْرَمُ ﴿٣﴾ الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ﴿٤﴾ عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ یَعْلَمْ ﴿٥﴾

ترجمہ: پڑھ اپنے رب کے نام سے جس نے پیدا کیا۔ انسان کو پیدا کیا خون کی پھٹک سے
پڑھ اور تمہارا رب ہی سب سے بڑا کریم ہے۔ جس نے قلم سے لکھنا سکھایا۔ انسان کو علم دیا جو وہ نہ جانتا تھا۔

طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِیْضَۃٌ عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ (الحدیث)

ترجمہ: علم حاصل کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔

# گورنمنٹ گریجوایٹ کالج آف کامرس وہاڑی

**تاریخ کے آئینے میں**

گورنمنٹ گریجوایٹ کالج آف کامرس وہاڑی کا قیام یکم ستمبر 1979ء کو گورنمنٹ کمرشل ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کی صورت میں عمل میں لایا گیا۔حکومت پنجاب سے منظوری کے بعد اس کا پہلا کیمپ آفس کارخانہ بازار میں انتہائی مختصر عمارت میں قائم کر کے بانی پرنسپل جناب عبدالعزیز قریشی صاحب نے C.Com, D.Com کلاسز کے داخلہ کے لیے ابتدائی کوششیں کیں۔تقریباً ایک سال بعد محسوس کیا گیا کہ دستیاب مختصر عمارت ادارہ کی تعلیمی وتدریسی ضرورت کے لیے ناکافی اور نامناسب ہے۔1980ء میں ادارہ سیڈ فارم روڈ پر چونگی نمبر 5 کے قریب منتقل کر دیا گیا۔

یہاں حاصل شدہ عمارت کل چھ چھوٹے بڑے کمروں پر مشتمل تھی جو بنیادی طور پر گودام کے لیے ڈیزائن کی گئی تھی۔

یہ عمارت بھی ادارہ کی تعلیمی سرگرمیوں کے لیے ناکافی تھی لیکن وقتی طور پر اس سے بہتر عمارت دستیاب نہ ہونے کی بنا پر اسی عمارت میں تدریسی سرگرمیاں جاری رکھی گئیں۔88-1987ء میں اس ادارہ میں تجربہ کار اور محنتی اساتذہ کرام کی ایک پرجوش ٹیم موجود تھی۔ادارہ نے ناکافی وسائل وسہولیات کے باوجود تعلیمی اور کھیلوں کے میدان میں کامیابیوں کا سلسلہ شروع کیا۔ایک عرصہ تک پنجاب بھر میں اول پوزیشنوں کے حصول نے ادرہ کا نام روشن کیا لیکن اچھی اور مناسب عمارت کی تلاش میں کامیابی نہ ہوسکی۔تاہم 95-1994ء میں حکومت پنجاب نے تقریباً اڑھائی کروڑ روپے زرِکثیر سے ادارہ کی اپنی بلڈنگ فیصل ٹاؤن سے متصل تقریباً 71 کنال رقبہ کے اندر تعمیر کردی۔یہاں پر ملازمین کی رہائشی کالونی بھی تعمیر کردی گئی اس خوب صورت بلڈنگ میں تعلیمی سرگرمیوں کا سلسلہ 1995ء میں رمضان المبارک کے مقدس مہینہ میں شروع کر دیا گیا۔

1996ء میں اس ادارہ کے اندر B.Com بلاک کی دیدہ زیب عمارت تعمیر کی گئی۔اس کے ساتھ پرشکوہ شاندار ملٹی پرپز ہال (Multi Purpose Hall) تعمیر کیا گیا۔جو پنجاب کے تعلیمی اداروں میں موجود چند بہترین ہالوں میں سے ایک ہے۔2003ء میں ادارہ میں B.Com کلاسز کا اجراء کر دیا گیا۔ادارہ میں B.Com کلاسز میں طلباء وطالبات کی (Co-Education) کا آغاز 2003ء میں ہو چکا تھا۔

2005ء میں ادارہ میں M.Com کلاسز کے اجراء کی منظوری لی گئی اور BZU ملتان سے (Affiliation) کے بعد اب یہاں M.Com میں طلباء وطالبات تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔مخلوط تعلیم (Co-Education) کے سلسلہ میں احتیاطی تدابیر اور نظم وضبط کا اعلیٰ اور مثالی نمونہ اس ادارہ میں ملاحظہ کیا جا سکتا ہے۔طلباء وطالبات کے والدین ان اقدامات کی بھرپور تائید وتوثیق کرتے ہیں اور کالج انتظامیہ کو پرزور خراج تحسین پیش کرتے رہتے ہیں۔

گورنمنٹ گریجوایٹ کالج آف کامرس وہاڑی تعلیمی میدان میں وقت کے ساتھ ساتھ ترقی کی منازل طے کر رہا ہے۔لہذا 2017ء سے کالج میں I-Com کی کلاسز کا اجراء کر دیا گیا ہے اور 2018ء سے ICS کی کلاسز کا اجراء کر دیا گیا ہے تاکہ سال اوّل میں داخلہ لینے والے طلباء کو تعلیمی میدان میں زیادہ سے زیادہ مواقع فراہم کئے جاسکیں۔

ریٹائرڈ پروفیسر ندیم اقبال پاشا پرنسپل گورنمنٹ گریجوایٹ کالج آف کامرس کی خصوصی ذاتی کاوش سے ادارہ ہٰذا میں 2022ء سے بی ایس پروگرامز مختلف مضامین میں شروع کر دئے گئے ہیں۔تمام طلباء وطالبات، والدین سٹاف ممبران اور شہری حلقے پروفیسر ندیم اقبال پاشا کو بھرپور خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

**پروفیسر محمد طاہر تبسّم (پرنسپل)**
گورنمنٹ گریجوایٹ کالج آف کامرس وہاڑی

# گورنمنٹ گریجوایٹ کالج آف کامرس وہاڑی

**پرنسپل**
جناب پروفیسر **محمد طاہر تبسم** ایم اے اکنامکس (بی کام)

**وائس پرنسپل**
جناب **چوہدری عبدالقیوم** ایم اے انگلش (ایم ایڈ)

## تدریسی عملہ

| نام | تعلیمی قابلیت | عہدہ |
|---|---|---|
| **شعبہ لسانیات** | | |
| خالی انگلش | ----------- | چیف انسٹرکٹر |
| خالی انگلش | ----------- | سینئر انسٹرکٹر |
| مس حمیرا ہما | ایم اے انگلش، ایم فل، ایم اے TEFL | انسٹرکٹر |
| خالی انگلش | ----------- | لیکچرار |
| خالی اُردو | ----------- | چیف انسٹرکٹر |
| خالی اُردو | ----------- | سینئر انسٹرکٹر |
| جناب احمد سلیم | ایم اے اُردو | لیکچرار |
| **شعبہ کامرس** | | |
| جناب محمد طاہر تبسم | ایم اے اکنامکس (بی کام) | چیف انسٹرکٹر |
| خالی کامرس | ----------- | چیف انسٹرکٹر |
| جناب نوید الرحمٰن | بی کام، ایم بی ای، ایم اے پولیٹیکل سائنس و اکنامکس، ایل۔ایل۔بی | سینئر انسٹرکٹر |

| نام | تعلیمی قابلیت | عہدہ |
|---|---|---|
| **شعبہ کامرس** | | |
| جناب نعیم سردار | ایم بی اے (فنانس)، ایم فل (فنانس) | سینئر انسٹرکٹر |
| جناب محمد رضا | ایم ایس سی (شماریات)، ایم فل (شماریات)، ایل۔ایل۔بی | سینئر انسٹرکٹر |
| خالی کامرس | ----------- | سینئر انسٹرکٹر |
| جناب عمر فاروق | ایم ایس سی (اکنامکس)، ایم فل (اکنامکس) | اسسٹنٹ پروفیسر |
| جناب ابرار احمد | ایم کام | اسسٹنٹ پروفیسر |
| خالی کامرس | ----------- | اسسٹنٹ پروفیسر |
| خالی کامرس | ----------- | اسسٹنٹ پروفیسر |
| جناب محمد صالح سُہیل | ایم کام، ایم فل (مینجمنٹ سائنسز) | انسٹرکٹر |
| جناب عمر مشتاق | ایم ایس سی، ایم فل (Math) | لیکچرار |
| جناب محمد فرحان | ایم ایس سی، ایم فل (اکنامکس) | لیکچرار |

## تدریسی عملہ

| نام | تعلیمی قابلیت | عہدہ |
|---|---|---|
| **شعبہ اسلامیات / مطالعہ پاکستان** | | |
| جناب حافظ محمد معاویہ | ایم اے، ایم فل (سلامیات)، فاضل درسِ نظامی | لیکچرار |
| خالی مطالعہ پاکستان | ----------- | لیکچرار |
| **شعبہ او ایس پی** | | |
| خالی | ----------- | چیف انسٹرکٹر |
| خالی انگلش شارٹ ہینڈ | ----------- | سینئر انسٹرکٹر |
| خالی | ----------- | انسٹرکٹر |
| **شعبہ آئی ٹی** | | |
| جناب محمد اقبال | ایم سی ایس، ڈی سی ایس، ایم بی اے (HRM) ایم فل (کمپیوٹر سائنس) | سینئر انسٹرکٹر |
| خالی کمپیوٹر | ----------- | انسٹرکٹر |
| خالی | ----------- | جونیئر انسٹرکٹر |
| **شعبہ فزیکل ایجوکشن** | | |
| خالی | ----------- | ڈائریکٹر فزیکل ایجوکشن |
| **شعبہ لائبریری** | | |
| جناب انعام اللہ | ایم اے لائبریری سائنس، ایم کام | لائبریرین |
| خالی | ----------- | لائبریری اسسٹنٹ |
| **دفتری عملہ** | | |
| خالی | ----------- | سپرنٹنڈنٹ |
| خالی | ----------- | کمپیوٹر آپریٹر/سٹینوگرافر |
| خالی | ----------- | اکاؤنٹنٹ |
| جناب جاوید اقبال | ایم اے انگلش، ڈی کام | سینئر کلرک |
| جناب محمد رضوان سلیم | ایف اے | جونیئر کلرک |
| خالی | ----------- | جونیئر کلرک |
| جناب محمد عدیل احمد | ڈی اے ای (سول) | جونیئر کلرک |
| جناب طارق محمود ندیم | میٹرک | مشین اٹنڈنٹ |
| خالی | ----------- | سٹور کیپر |

# تعارف

دورحاضر میں بدلتے ہوئے معاشی اور معاشرتی حالات کے تناظر میں صنعتی اور کامرس کی تعلیم کی اہمیت وافادیت سے انکار ممکن نہیں۔ یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ ہنرمند اور تعلیم یافتہ افراد کسی بھی قوم کا بہترین سرمایہ ہوتے ہیں۔ اوران افراد کی تربیت و پرداخت کے لیے بہترین حکمتِ عملی، ٹھوس منصوبہ بندی اور محنت وجانفشانی ناگزیر ہے۔ قومی تعلیمی کمیشن کی سفارشات کے تحت حکومت نے 1959ء میں کامرس کی تعلیم کے فروغ کا بیڑہ اُٹھایا لہذا ملک کے تجارتی اداروں کا جائزہ لیا گیا اور اس جائزہ سے یہ نتیجہ اخذ کیا گیا کہ پاکستان جیسے ترقی پذیر ملک کی معیشت کو ترقی دینے کے لیے ایسے افراد کی ازحد ضرورت ہے۔ جو سائنس، تکنیکی اور تجارتی علوم سے بہرہ ور ہوں۔

یہ حقیقت روزِ روشن کی طرح عیاں ہے کہ ترقی یافتہ اقوام مستقبل کی راہیں اور لائحہ عمل متعیّن کرتی ہیں۔ چنانچہ یورپ کے صنعتی انقلاب نے پوری دُنیا پر اپنے اثرات مرتب کیے اور یوں ترقی پذیر دُنیا کو اپنی بقا و سلامتی کے لیے ہنرمند افراد کی ضرورت محسوس ہوتی ہے اسی حقیقت کا ادارک کرتے ہوئے وطن عزیز میں بھی کامرس کی تعلیم پر خصوصی توجہ دی گئی۔

تجارت اب عام آدمی کے بس کی بات نہیں، سائنس دان، ڈاکٹر، انجینئر، کسان سب ہی لوگ تاجر حضرات کے مرہونِ منت ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ انجینئر اور سائنسدان اپنے میدان میں ملکی ترقی کے لیے انتہائی اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ مگر ہر نئی دریافت کو پایہ تکمیل تک پہنچانے اور دوسرے لوگوں سے روشناس کرانے میں ان افراد اور تنظیموں کا بھی بہت بڑا ہاتھ ہے۔ جو سرمایہ کار، اشیاء کی پیدائش، ترسیل، درآمد و برآمد کے سرکاری دفاتر ایجنسیوں کی تنظیم کی صورت میں اپنی اپنی خدمات کو پیش کرتی ہیں۔ بھاری صنعتوں کو قائم کرنا، ان کی ہر شعبہ کی تنظیم اور انہیں بطریق احسن چلانا، حساب کتاب اور پیداوار کو منافع پر فروخت کرنا ایک علیحدہ علم وفن کی حیثیت رکھتا ہے اور تجارتی و کاروباری معاملات ان علوم سے مکمّل آگاہی اور مہارت کے بغیر بہتر طور پر نہیں چلائے جاسکتے۔ تجارت اور کاروبار مین پیچیدگی کی وجہ سے کامرس کی تعلیم فنی تعلیم کے زمرہ میں شامل ہو چکی ہے اور ایک ایسے شخص کے لیے جو کاروبار اور تجارت کے پیشہ سے بطور مالک یا ملازم منسلک ہونا چاہتا ہے۔ اس کیلئے اکاؤنٹنگ، اصول تجارت، اقتصادیات، بینکاری، سیلز مین شپ، مارکیٹنگ، انشورنس، شارٹ ہینڈ، ٹائپ رائیٹنگ، شماریات، کمپیوٹر جیسے مفید مضامین کا جاننا ضروری ہے۔

حکومت پنجاب نے کامرس کی تعلیم مین بڑھتی ہوئی دلچسپی کو مدنظر رکھتے ہوئے وسائل کو زیادہ سے زیادہ اس شعبے کے لیے مخصوص کیا ہے اور کامرس ایجوکیشن کے اداروں کی نہ صرف ترویج وترقی کے لیے کام کیا بلکہ ان اداروں کی تعداد میں بڑی تیزی سے اضافہ کیا ہے۔

# ICS/F.A(IT)

## آئی سی ایس / ایف اے ( آئی ٹی )

اہلیت: میٹرک پاس طلباء

# ICS / FA (IT)

The intermediate of Computer Science (ICS) program provides a general education in many aspects of Computer Science and Software Development. Computers have revolutionized the way we live today. Most facts of our lives depend, to a greater or lesser degree, on computers. From telephone systems to security systems, accounting to marketing, baby monitors to auto-pilot options, every industry, every household and every office is looking to 'up grade' itself by means of new technology and new software. This has invariably given rise to a high demand for computer scientists around the globe. The ICS program prepares students to become a part of this growing industry.

You may learn the fundamentals of Software development in a very effective manner. Practical help you a lot in understanding basic concepts of computer languages. Computer knowledge gained in ICS will help you in your future educational careers in BS (CS) BS (IT), BS (SE) and any other stream too. This knowledge will also give an edge impractical life too and job search too.

## DURATION

The duration of the program is two years. The BISE will conduct terminal examinations on completion of 1st Year and 2nd Year's sessions.

## SCHEME OF STUDIES ICS / FA (IT)

**Subjects ICS**

- English
- Urdu
- Islamic Studies / Pak Studies
- Computer Science
- Mathematics
- Translation of Holy Quran
- Statistics / Economics

**Subjects FA (IT)**

- English
- Urdu
- Islamic Studies / Pak Studies
- Computer Science
- Translation of Holy Quran

**Optional (Any One Group)**

- Statistics + Economics
- Economics + Library Science
- Economics + Civics

## واجبات آئی سی ایس Part-I

| نمبر شمار | تفصیل | واجبات | کیفیت |
|---|---|---|---|
| 1۔ | داخلہ فیس | -/80 | صرف داخلہ کے وقت |
| 2۔ | ٹیوشن فیس | -/600 | سالانہ |
| 3۔ | کمپیوٹر فنڈ | -/1000 | سالانہ |
| 4۔ | بورڈ رجسٹریشن فیس | -/2180 | یا بورڈ کے شیڈول کے مطابق |
| 5۔ | سکیورٹی فنڈ | -/300 | صرف ایک دفعہ قابل واپسی |
| 6۔ | کالج سپورٹس فنڈ | -/140 | سالانہ |
| 7۔ | داخلی امتحانات / سٹیشنری فنڈ | -/300 | سالانہ |
| 8۔ | سٹوڈنٹ کارڈ | -/50 | سالانہ |
| 9۔ | سٹوڈنٹ کالج ویلفیئر فنڈ | -/400 | سالانہ |
| 10۔ | پارکنگ فنڈ | -/200 | سالانہ |

**نوٹ:**

مجاز اتھارٹی کی ہدایات کے مطابق واجبات میں تبدیلی کی جاسکتی ہے۔

1۔ زائد عمر میں رعایت -/200 روپے داخلہ کے وقت

2۔ دوبارہ فیس داخلہ -/100 روپے

3۔ لیٹ داخلہ فیس -/100 روپے

## واجبات آئی سی ایس Part-II

| نمبر شمار | تفصیل | واجبات | کیفیت |
|---|---|---|---|
| 1۔ | ٹیوشن فیس | -/600 | سالانہ |
| 2۔ | کمپیوٹر فنڈ | -/1000 | سالانہ |
| 3۔ | داخلی امتحانات / سٹیشنری فنڈ | -/300 | سالانہ |
| 4۔ | سٹوڈنٹ کالج ویلفیئر فنڈ | -/400 | سالانہ |
| 5۔ | پارکنگ فنڈ | -/200 | سالانہ |
| 6۔ | سٹوڈنٹ کارڈ | -/50 | سالانہ |
| 7۔ | کالج سپورٹس فنڈ | -/140 | سالانہ |

# I.Com

# آئی کام

## انٹرمیڈیٹ آف کامرس

اہلیت: میٹرک پاس طلباء

# نصاب I.Com

ادارہ کا پہلا تعلیمی سال انٹرمیڈیٹ اِن کامرس Part-I کہلاتا ہے۔جس کا سالانہ امتحان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ملتان کے زیر اہتمام منعقد ہوتا ہے۔ طلباء یہ امتحان پاس کرنے کے بعد انٹرمیڈیٹ اِن کامرس Part-II میں داخلہ لیتے ہیں۔I.Com پارٹ II کا سالانہ امتحان بھی بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ملتان کے زیر اہتمام منعقد ہوتا ہے۔جس میں کامیابی حاصل کرنے پر بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ملتان انٹرمیڈیٹ اِن کامرس کی سند جاری کرتا ہے۔جو ہر لحاظ سے انٹرمیڈیٹ کے مساوی ہے۔

## SCHEME OF STUDIES I. COM. (ACCOUNTS GROUP)

| ***Components*** | ***Ist Year*** | | ***2st Year*** | |
|---|---|---|---|---|
| | ***Subject*** | ***Marks*** | ***Subject*** | ***Marks*** |
| **A: Compulsory Subjects** | **English** | **100** | **English** | **100** |
| | **Urdu** | **100** | **Urdu** | **100** |
| | **Islamic Studies** | **50** | **Pakistan Studies** | **50** |
| | **Total** | **250** | **Total** | **250** |
| **B: Supporting Subjects** | **Principles of Accounting** | **75** | **Principles of Accounting II** | **75** |
| | **Principles of Economics** | **75** | **Principles of Banking /Computer** | **75** |
| | **Principles of Commerce** | **75** | **Business Stat** | **75** |
| | **Business Math** | **75** | **Commercial Geography** | **75** |
| | **Total** | **300** | **Total** | **300** |

***Totale Marks: Ist Year :550 2nd Year :550 =1100***

## واجبات آئی کام Part-I

| نمبر شمار | تفصیل | واجبات | کیفیت |
|---|---|---|---|
| 1۔ | ٹیوشن فیس | 600/- | سالانہ |
| 2۔ | داخلہ فیس | 80/- | صرف داخلہ کے وقت |
| 3۔ | ملتان بورڈ جسٹریشن فیس | 2180/- | یا بورڈ کے شیڈول کے مطابق |
| 4۔ | داخلی امتحانات/سٹیشنری فنڈ | 300/- | سالانہ |
| 5۔ | کالج سیکیورٹی فنڈ | 300/- | صرف ایک دفعہ قابل واپسی |
| 6۔ | کالج سپورٹس فنڈ | 140/- | سالانہ |
| 7۔ | پارکنگ فنڈ | 200/- | سالانہ |
| 8۔ | سٹوڈنٹ کالج ویلفیئر فنڈ | 400/- | سالانہ |
| 9۔ | سٹوڈنٹ کارڈ | 50/- | سالانہ |

## نوٹ:

مجاز اتھارٹی کی ہدایات کے مطابق واجبات میں تبدیلی کی جاسکتی ہے۔

1۔ زائد عمر میں رعایت -/200 روپے داخلہ کے وقت

2۔ دوبارہ فیس داخلہ -/100 روپے

3۔ لیٹ داخلہ فیس -/100 روپے

## واجبات آئی کام Part-II

| نمبر شمار | تفصیل | واجبات | کیفیت |
|---|---|---|---|
| 1۔ | ٹیوشن فیس | 600/- | سالانہ |
| 2۔ | داخلی امتحانات/سٹیشنری فنڈ | 300/- | سالانہ |
| 3۔ | کالج سپورٹس فنڈ | 140/- | سالانہ |
| 4۔ | پارکنگ فنڈ | 200/- | سالانہ |
| 5۔ | سٹوڈنٹ کالج ویلفیئر فنڈ | 400/- | سالانہ |
| 6۔ | سٹوڈنٹ کارڈ | 50/- | سالانہ |

# D.COM

# ڈی کام

## ڈپلومہ ان کامرس (برائے طلباء و طالبات)

اہلیت: میٹرک پاس طلباء و طالبات

# نصابِ تعلیم D.Com

ادارہ کا پہلا تعلیمی سال ڈپلومہ اِن کامرس Part-I کہلاتا ہے۔ جس کا سالانہ امتحان پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن کے زیراہتمام منعقد ہوتا ہے۔ طلباء یہ امتحان پاس کرنے کے بعد ڈپلومہ اِن کامرس Part-II میں داخلہ لیتے ہیں۔ D.Com پارٹ II کا سالانہ امتحان بھی پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن کے زیراہتمام منعقد ہوتا ہے۔ جس میں کامیابی حاصل کرنے پر پنجاب بورڈ آف ٹیکنیکل ایجوکیشن لاہور ڈپلومہ اِن کامرس جاری کرتا ہے۔ جو ہر لحاظ سے انٹرمیڈیٹ کے مساوی ہے۔ البتہ ملازمت کے حصول کے لیے یہ ڈپلومہ انٹرمیڈیٹ کی سادہ تعلیم کے مقابلہ میں بہت زیادہ اہمیت اور افادیت رکھتا ہے۔

ڈپلومہ اِن کامرس میں تجارتی اور پیشہ ورانہ، مضامین مثلاً بزنس انفارمیشن ٹیکنالوجی، فنانشل اکاؤنٹنگ، انگلش شارٹ ہینڈ، اصولِ بنکاری / کمیونیکیشن سکلز اور اصولِ تجارت جیسے مضامین پر زیادہ توجہ دی جاتی ہے۔

## ڈپلومہ اِن کامرس کے نصاب کو مندرجہ ذیل شعبہ جات میں تقسیم کیا گیا ہے

1۔ اکاؤنٹس گروپ Accounts Group    2۔ آفس سیکریٹیریل پریکٹس گروپ Office Secretarial Practice Group

# SCHEME OF STUDIES D. COM. (ACCOUNTS GROUP)

| Components | Ist Year | | 2st Year | |
|---|---|---|---|---|
| | Subject | Marks | Subject | Marks |
| A: Compulsory Subjects | English | 100 | English | 100 |
| | Urdu | 100 | Urdu | 100 |
| | Islamic Studies | 50 | Pak Studies | 50 |
| | Total | 250 | Total | 250 |
| B: Supporting Subjects | Business I.T(Part-I) | 100 | Business I.T(Part-II) | 100 |
| | Principles of Banking | 50 | Principles of Accounting | 50 |
| | Principles of Commerce | 50 | Communication Skills | 50 |
| | Total | 200 | Total | 200 |
| C: Specialization | Financial Accounting-I | 100 | Financial Accounting-II | 100 |
| | Business Mathematics & Statistics | 50 | Applied Accounting Manual | 50 |
| | Total | 150 | Total | 150 |

*Totale Marks: Ist Year :600 2nd Year :600 =1200*

# OFFICE SECRETARIAL PRACTICE GROUP

| *Components* | *Ist Year* | | *2st Year* | |
|---|---|---|---|---|
| | *Subject* | *Marks* | *Subject* | *Marks* |
| **A: Compulsory subjects** | **English** | **100** | **English** | **100** |
| | **Urdu** | **100** | **Urdu** | **100** |
| | **Islamic Studies** | **50** | **Pak Studies** | **50** |
| | **Total** | **250** | **Total** | **250** |
| **B: Supporting subjects** | **Business I.T(Part-I) /English/** | | **Business I.T(Part-II)** | **100** |
| | **Urdu Typing** | **100** | **Business I.T(Part-I)** | |
| | **Financial Accounting -I** | **100** | **Principles of Economics** | **50** |
| | **Principles Of Commerce** | **50** | **Communication Skills** | **50** |
| | **Total** | **250** | **Total** | **200** |
| **C: Specialization** | **English / Urdu Short Hand Theory** | **40** | **English/Urdu Short Hand-II Speed** | **100** |
| | **Speed** | **60** | **Computer Based Correspondence** | **50** |
| | **Total** | **100** | **Total** | **150** |

***Totale Marks: Ist Year :600 2nd Year :600 =1200***

## واجبات ڈی کام Part-I

| نمبر شمار | تفصیل | واجبات | کیفیت |
|---|---|---|---|
| 1۔ | داخلہ فیس | 80/- | صرف داخلہ کے وقت |
| 2۔ | ٹیوشن فیس | 600/- | سالانہ |
| 3۔ | کمپیوٹر فنڈ | 1000/- | سالانہ |
| 4۔ | فنی تعلیمی بورڈ رجسٹریشن فیس | 1040/- | یا بورڈ کے شیڈول کے مطابق |
| 5۔ | فنی تعلیمی بورڈ سپورٹس فنڈ | 220/- | یا بورڈ کے شیڈول کے مطابق |
| 6۔ | سیکیورٹی فنڈ | 300/- | صرف ایک دفعہ قابل واپسی |
| 7۔ | کالج سپورٹس فنڈ | 140/- | سالانہ |
| 8۔ | داخلی امتحانات/سٹیشنری فنڈ | 300/- | سالانہ |
| 9۔ | سٹوڈنٹ کارڈ | 50/- | سالانہ |
| 10۔ | سٹوڈنٹ کالج ویلفیئر فنڈ | 400/- | سالانہ |
| 11۔ | پارکنگ فنڈ | 200/- | سالانہ |

لیٹ داخلہ فیس بورڈ شیڈول کے مطابق

**نوٹ:** مجاز اتھارٹی کی ہدایات کے مطابق واجبات میں تبدیلی کی جاسکتی ہے۔

1۔ زائد عمر میں رعایت-/200 روپے داخلہ کے وقت

2۔ دوبارہ فیس داخلہ-/100 روپے

## واجبات ڈی کام Part-II

| نمبر شمار | تفصیل | واجبات | کیفیت |
|---|---|---|---|
| 1۔ | ٹیوشن فیس | 600/- | سالانہ |
| 2۔ | کمپیوٹر فنڈ | 1000/- | سالانہ |
| 3۔ | داخلی امتحانات/سٹیشنری فنڈ | 300/- | سالانہ |
| 4۔ | سٹوڈنٹ کالج ویلفیئر فنڈ | 400/- | سالانہ |
| 5۔ | پارکنگ فنڈ | 200/- | سالانہ |
| 6۔ | سٹوڈنٹ کارڈ | 50/- | سالانہ |
| 7۔ | کالج سپورٹس فنڈ | 140/- | سالانہ |

## نشستوں کی تقسیم

مجاز اتھارٹی کے حکم کے مطابق نشستوں کی تقسیم یہ ہے! ☆اوپن میرٹ 98% ☆معذور 02%

## قواعد و ضوابط داخلہ برائے ڈپلومہ ان کامرس پارٹ I

1۔ داخلہ صرف میرٹ کی بنیاد پر ہوگا ماسوائے مخصوص نشستوں کے جن پر داخلہ کے قواعد دیئے گئے ہیں۔

2۔ ڈپلومہ ان کامرس پارٹ I میں داخلہ کے امیدوار کا پاکستان کے کسی تعلیمی بورڈ سے میٹرک یا اس کے مساوی امتحان میں پاس ہونا ضروری ہے۔

3۔ داخلے کے لیے اُن امیدواروں کو منتخب کیا جائے گا۔ جنہوں نے میٹرک کا امتحان اُسی سال پاس کیا ہو، تاہم اگر حکومتی قواعد وضوابط نے اجازت دی تو گزشتہ دو سال کے میٹرک پاس طلباء کو بھی داخلہ دیا جاسکتا ہے۔ نیز ہر امیدوار کی عمر مقررہ تاریخ داخلہ کے وقت 18 سال سے زائد نہ ہو۔ مزید دو سال کی رعایت پرنسپل صاحب کی صوابدید پر ہے۔

4۔ حافظ قرآن پاک کو لسٹ بناتے وقت 20 اضافی نمبر دیئے جائیں گے لیکن اس کے لیے ضروری ہے کہ میرٹ پر آنے والا حافظ قرآن دستاویزی ثبوت مہیا کرے جو کہ حکومت پاکستان / پنجاب کے منظور شدہ / الحاق شدہ مذہبی مدارس کی جانب سے جاری کیا گیا ہو۔ نیز وہ باقاعدہ ٹیسٹ اور انٹرویو میں کامیاب ہو۔ کمیٹی اس امر کی تصدیق کرے گی کہ امیدوار نے پورا قرآنِ پاک حفظ کیا ہوا ہے۔

5۔ پرنسپل صاحب کو درخواست یا داخلہ مسترد کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ ان کا حکم قطعی اور آخری ہوگا۔ جن امیدواروں کے فارم پر احکام صادر ہوں گے، انہیں واجبات فوری طور پر ادا کرنا ہوں گے۔ بصورت دیگر بوجہ عدم ادائیگی واجبات اُن کا داخلہ منسوخ تصور ہوگا۔

6۔ داخلہ کے بعد کوائف غلط ہونے کی صورت میں داخلہ منسوخ کر دیا جائے گا اور انضباطی کاروائی بھی کی جائے گی۔

7۔ معذور افراد سرکاری ہسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ صاحب سے معذوری کا سرٹیفکیٹ منسلک کریں۔

8۔ ایسے کسی اُمیدوار کو کالج میں داخلہ نہیں دیا جائے گا جس نے اس سے پہلے کسی بھی کالج میں داخلہ لیا ہو اور کالج چھوڑ دیا ہو۔ خلاف ورزی پر اُمیدوار خود ذمہ دار ہوگا۔

9۔ پرنسپل ادارہ داخلے کے قواعد میں حالات کے مطابق تبدیلی منظور شدہ قوانین یا مجاز اتھارٹی (ہائر ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ حکومت پنجاب) کی اجازت سے تبدیل کرنے کا اختیار رکھتا ہے۔

**نوٹ**
(1) عمر میں رعایت کے لیے -/200 روپے ادارہ کے فنڈ میں جمع کروانے ہوں گے۔
(2) عمر میں رعایت کے لیے درخواست مجاز اتھارٹی کو پرنسپل کی وساطت سے بھیجی جائے گی۔

## داخلہ فارم برائے ڈپلومہ ان کامرس Part-I کے متعلق ہدایات

1۔ مجوزہ فارم پراسپکٹس کے آخر میں منسلک ہے۔ اِسے پُر کرنے کے بعد مندرجہ ذیل ستاویزات منسلک کر کے ادارہ کے دفتر میں مقررہ وقت سے پہلے جمع کروانا ہوگا نامکمل فارم قبول نہیں ہوں گے۔

| | | |
|---|---|---|
| 1 | میٹرک کی سند یا رزلٹ کارڈ کی مصدقہ نقول | 05 عدد |

| | | |
|---|---|---|
| 2 | امیدوار کے پاسپورٹ سائز فوٹو جن میں سے صرف ایک مصدقہ ہو | 05عدد |
| 3 | سکول کے سربراہ سے نیک چال چلن کا سرٹیفکیٹ مصدقہ ہو | 01عدد |
| 4 | ڈاک کے لفافے جن پر رہائشی پتہ درج ہو | 04عدد |
| 5 | ب فارم کی مصدقہ نقول | 02عدد |
| 6 | امیدوار کو والد/سرپرست کے شناختی کارڈ کی مصدقہ کاپی فارم کے ساتھ لف کرنا ہوگی | 01عدد |
| 7 | 18 سال عمر ہونے کی صورت میں امیدوار کے شناختی کارڈ کی کاپی | 01عدد |

## داخلہ فارم برائے ڈپلومہ اِن کامرس Part-II کے متعلق ہدایات

1۔ جن طلباء نے ادارہ ہذا سے D.Com (Part-I) کا امتحان بطور ریگولر امیدوار کے پاس کیا ہو تو وہ D.Com (Part-II) میں داخلہ کا اہل ہوگا۔

2۔ سابقہ D.Com (Part-I) یا پرائیویٹ D.Com (Part-I) پاس طلباء جنہوں نے ادارہ ہذا سے امتحان دیا ہو داخلہ کے اہل ہیں۔ بشرطیکہ Regular طلباء کے داخلہ کے بعد نشستیں بچ جائیں اور طلباء داخلہ کی دیگر شرائط پوری کرتے ہوں اور ان کی عمر 20 سال سے زیادہ نہ ہو۔

3۔ D.Com (Part-I) کے امتحان کو فوراً بعد D.Com (Part-II) کی کلاسز شروع کردی جائیں گی۔

4۔ ہر لحاظ سے مکمل درخواست فائل کور میں لگا کر دفتر میں جمع کروانی ہوگی۔

## مخصوص نشستوں پر داخلہ کا طریق کار

1۔ حکومت کی واضح ہدایات کے مطابق مخصوص نشستوں پر داخلہ کے لیے درخواست گزاروں کا علیحدہ علیحدہ میرٹ تیار کیا جائے گا اور انہیں علیحدہ علیحدہ درخواستیں داخل کرنا ہوں گی۔

2۔ معذور امیدوار اپنی معذوری کا تصدیق نامہ اپنے متعلقہ ضلع کے سرکاری ہسپتال کے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ سے حاصل کردہ منسلک کریں۔

3۔ اگر مخصوص کوٹہ پر خاطر خواہ عرائض وصول نہ ہوں تو یہ نشستیں اوپن میرٹ سے پُر کی جائیں گی۔

## فیس معافی

1۔ ادارہ کے قواعد و ضوابط کے تحت 10% مستحق طلباء کو نصف یا پانچ فیصد کو فل ٹیوشن فیس معافی کی رعایت دی جاسکتی ہے۔ ٹیوشن فیس معافی کی رعایت صرف ان طلباء کو مل سکتی ہے جو؛

(الف) یتیم، نادار اور حقیقی معنوں میں غریب ہوں۔

(ب) فیس معافی کے لیے استحقاق کا ٹھوس ثبوت مہیا کریں۔

(ج) جن کا رویہ، کردار اور کارکردگی تسلی بخش ہو۔

2۔ ادارے کے تمام امتحانات میں پاس ہونا ضروری ہے۔ فیل ہونے کی صورت میں یہ رعایت واپس لی جاسکتی ہے۔

3۔ وظیفہ حاصل کرنے پر طلباء سے معاف کردہ فیس واپس وصول کر لی جائے گی۔

4۔ کالج کے قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کرنے والے طالب علم سے فیس معافی کی رعایت واپس لی جاسکتی ہے۔

5۔ بڑے بھائی یا بہن کے ادارہ ہذا یا کسی بھی سرکاری ادارہ میں تعلیم حاصل کرنے کی صورت میں اس کی فیس ادائیگی کی رسید دکھا کر نصف رعایت حاصل کی جاسکتی ہے۔

6۔ فیس معافی کی عرائض ٹیوٹر انچارج کو دینی ہوں گی جن کا حتمی فیصلہ ادارہ کی فیس معافی کمیٹی کرے گی۔

7۔ مجاز اتھارٹی کے حکم کے مطابق دورانِ تعلیم تمام حافظ قرآن طلباء کی ٹیوشن فیس معاف ہوگی۔

## وظائف

تعلیم کے فروغ اور دلچسپی کے لیے حکومت پنجاب کی طرف سے خاصی بڑی تعداد میں وظائف بھی جاری کئے جاتے ہیں۔ یہ وظائف طلباء کو تعلیمی استعداد کار اور قابلیت پر دیئے جاتے ہیں۔ ان وظائف کی ادائیگی کے مندرجہ ذیل قواعد ہیں۔

1۔ D.Com (Part-I) کے طلباء میٹرک اور D.Com (Part-II) کے طلباء Part-I میں حاصل کردہ نمبروں کی بنیاد پر وظائف کے اہل ہوں گے۔

2۔ کسی قسم کا وظیفہ حاصل کرنے والے طلباء کسی اور رعایت کے مستحق نہ ہوں گے۔ انہیں پوری فیس اور واجبات ادا کرنے ہوں گے۔ فیس کی رعایت یا کسی اور مالی امداد سے فائدہ اٹھانے والے طلباء کے تعلیمی نتائج اگر تسلی بخش نہ ہوئے یا وہ کسی ایسے جرم کے مرتکب ہوئے، جس سے کالج کے نظم ونسق پر بُرا اثر پڑتا ہو وہ اس رعایت کے مستحق نہ رہیں گے۔

3۔ ایسے طلباء جو وظیفہ زکوۃ کے مستحق ہیں وہ اس درخواست کے ساتھ مقامی زکوۃ وارڈ کے چیئرمین اور ڈسٹرکٹ زکوۃ چیئرمین سے زکوۃ فارم تصدیق کروا کر لف کریں ورنہ درخواست وظیفہ قبول نہ ہوگی۔

## وظیفہ کی ادائیگی اور کٹوتی کے فوائد

1۔ وظیفہ کے لیے ایک ماہ میں صرف دو غیر حاضریاں مستثنیٰ ہوتی ہیں۔ زائد غیر حاضریوں کی صورت میں مدت کے لحاظ سے وظیفہ کی رقم سے کٹوتی کی جاسکتی ہے۔

2۔ وظیفہ کی ادائیگی بذریعہ کراس چیک / پے آرڈر چیک ہوگی۔

3۔ وظیفہ خوار طالب علم کا نام خارج ہونے کی صورت میں وظیفہ کی رقم ادا نہیں کی جائے گی۔

4۔ رخصت برائے بیماری کی صورت میں 06 دن کی رعایت مل سکتی ہے۔

5۔ کلاسوں سے غیر حاضری، تعلیمی معاملات سے عدم دلچسپی اور دیگر بے قاعدگیوں کی بناء پر پرنسپل صاحب کسی بھی وظیفہ خوار کی ادائیگی روک سکتے ہیں۔

6۔ ایک طالب علم کو ایک وقت میں صرف ایک ہی میرٹ سکالرشپ مل سکتا ہے۔

7۔ کوئی طالب علم بیک وقت دو قسم کے میرٹ وظائف حاصل نہیں کر سکتا۔ دونوں قسم کے وظائف بیک وقت مل جانے کی صورت میں کسی ایک کا انتخاب کرنا ہوگا۔ اور چھوڑے جانے والے وظیفہ کی اگر کوئی رقم وصول کر لی ہو تو واپس کرنا ہوگی۔

8۔ حکومت زکوۃ فنڈ سے بھی مستحق طلباء کو امداد کرتی ہے جو وظائف سے علیحدہ ہوتی ہے اور اس کے لیے مستحقین زکوۃ طلباء مقررہ فارم پر داخلہ کے وقت عرضی دیں۔

**نوٹ!** حکومت کے علاوہ بعض دیگر سرکاری اور نیم سرکاری ادارے بھی طلباء کی بہبود کے لیے مختلف اقسام کے وظائف جاری کرتے ہیں۔ جس میں داؤد فاؤنڈیشن، فوجی فاؤنڈیشن، سرکاری ملازمین کا صوبائی بہبود فنڈ (PEEF) پنجاب ایجوکیشنل انڈومنٹ فنڈ Punjab Educational Endowment Fund اور ڈسٹرکٹ کونسلیں قابل ذکر ہیں۔ ایسے وظائف کی شرائط کا تعین متعلقہ ادارے کرتے ہیں۔

## ادارہ چھوڑنے کے قواعد

1۔ کالج چھوڑنے کے خواہش مند طالبعلم کو باقاعدہ درخواست دینا ہوگی۔ جس پر اس کے والد یا سرپرست کے دستخط لازمی ہوں۔

2۔ جب تک ادارہ کی طرف سے اسے ادارہ چھوڑنے کی اجازت تحریری طور پر نہیں مل جاتی اسے کالج کے تمام واجبات بدستور ادا کرنا ہوں گے۔

3۔ کسی طالب علم کو ادارہ کے واجبات مثلاً فیس، جرمانہ، کتب خانہ کتابیں، کھیل کا سامان، شناختی کارڈ وغیرہ اور مقیم ہونے کی صورت میں ہوسٹل کے واجبات ادا کئے بغیر کالج چھوڑنے کی اجازت نہیں ہے۔

## سیکورٹی فنڈ کی واپسی

1۔ ہر طالب علم اپنی تعلیمی تربیت کے اختتام پر اپنی سیکورٹی واپس لے سکتا ہے۔ یہ سیکورٹی صرف اُن طلباء وطالبات کو واجب الادا ہوگی جنہوں نے ادارے کے تمام واجبات ادا کر دیئے ہوں گے۔ لائبری/بینک کتب دیگر اشیاء واپس کردی ہوں اور تعلیمی سال کے اختتام پر شناختی کارڈ بھی واپس کر کے رسید حاصل کر لی ہو۔

2۔ سیکورٹی کی رقم ادارہ چھوڑنے یا بورڈ/یونیورسٹی کے امتحان کے نتیجہ کے بعد 80 دن کے اندر اندر حاصل کی جاسکتی ہے اس کے بعد سیکورٹی ناقابلِ واپسی ہوگی اور یہ رقم ادارہ کے ضبط شدہ سیکورٹی اکاؤنٹ میں منتقل ہو جائے گی۔

3۔ زرِضمانت کسی دوسرے شخص کے توسط سے یا منی آرڈر وغیرہ کے ذریعہ واپس نہیں کیا جاتا۔ ادائیگی بذریعہ کراس چیک/پے آرڈر یا آرڈر چیک ہوگی۔

## کالج کونسل

ادارہ میں کالج کونسل درس وتدریس، نصابی غیر نصابی سرگرمیوں، نظم وضبط اور دیگر متعلقہ امور احسن طریق سے چلانے کے لیے پرنسپل کو اپنی سفارشات پیش کرتی ہے۔ ادارہ سے کسی طالب علم کو خارج کرنے، عارضی طور پر نکال دینے یا معطّل کر دینے کی سفارش کرنا کالج کونسل کے دائرہ اختیار میں ہے۔ کونسل کے فیصلہ کے خلاف کسی قسم کی اپیل دائر نہیں کی جاسکتی۔ کالج کے نظم وضبط اور قوانین کی سنگین خلاف ورزی کے مرتکب طلباء کے خلاف فیصلہ کالج کونسل کرے گی۔ ایسے طالب علم کے خلاف مندرجہ ذیل کاروائی کی جاسکتی ہے۔

1۔ اس کو تعلیم کھیل یا دیگر سرگرمیوں سے متعلق کوئی امتیازی سند یا کالج کا امتیازی نشان نہیں دیا جائے گا۔

2۔ اُسے جرمانہ بھی کیا جاسکتا ہے۔

3۔ سنگین جرم کی بنا پر کالج سے ہمیشہ کے لیے اخراج Expulsion یا ایک سال کی مدت کے اخراج Rustication کی شکل میں ہو سکتی ہے۔ تاہم تادیبی کاروائی پنجاب ایجوکیشن کوڈ اور بورڈ کے قواعد کے مطابق ہوگی۔

## والدین سے رابطہ اور اس کی اہمیت

ہر طالب علم کے والد/سرپرست کا یہ فرض ہے کہ کم از کم ہر ماہ اپنے برخوردار کی تعلیمی حالت یا اخلاق ورویہ سے آگاہی کے لیے کلاس انچارج صاحب کو ملیں اور ہر سہ ماہی کے بعد پرنسپل صاحب سے رابطہ قائم کریں تا کہ طلبہ کی تعلیمی حالت سے مکمّل آگاہی ہو۔

## والدین ایسوسی ایشن

طلباء کے داخلہ کے بعد پہلے دن تمام داخل شدہ طلباء اپنے والدین کے ساتھ کالج آئیں گے اس دن ان کی ایسوسی ایشن کا قیام عمل میں لایا جائے گا۔ جو طالب علم سیشن کے آغاز پر منعقدہ پہلی اساتذہ و والدین کی تقریب میں اپنے والد صاحب / سرپرست کے ہمراہ نہ آیا، اس کا داخلہ منسوخ کیا جاسکتا ہے۔

## درخواست برائے رخصت کے قواعد

طلباء کی درخواست حسب ذیل قواعد کے تحت منظور کی جائے گی۔ یہ درخواست ٹیوٹر / انچارج حاضری کو دینا ہوگی۔

1۔ درخواست برائے رخصت پر والد / سرپرست کے دستخطوں کا ہونا ضروری ہے۔ 2۔ ہوسٹل میں رہائش پذیر طلباء اپنی درخواستیں وارڈن / ہوسٹل سپرنٹنڈنٹ کی معرفت سے بھیجیں۔

3۔ رخصت کی درخواست ٹیوٹر / انچارج حاضری منظور کریں گے۔ تاہم دو دن سے زائد رخصت کی منظوری پرنسپل صاحب دیں گے۔

4۔ چار دن سے زائد درخواست برائے رخصت بیماری ڈاکٹری سرٹیفکیٹ کی بنیاد پر منظور ہوگی۔ ڈاکٹر، طبیب کا رجسٹرڈ پریکٹیشنر ہونا ضروری ہے۔ ڈاکٹر کے سرٹیفکیٹ کے بغیر درخواست پر کوئی کاروائی نہیں ہوگی اور طالب علم کو اس عرصہ میں غیر حاضر تصور کیا جائے گا۔

5۔ درخواست "برائے رخصت" کا وقت پر آنا ضروری ہے۔ بعد میں آنے والی درخواستوں پر غور نہیں کیا جائے گا۔

6۔ ادارہ سے یا کسی بھی کلاس سے لگاتار 06 دن غیر حاضری کی صورت میں طالب علم کا نام خارج کر دیا جائے گا۔ دوبارہ داخلہ صرف معقول وجوہات اور تعلیمی حالت تسلی بخش ہو تو دیا جاسکے گا۔ بشرطیکہ درخواست برائے دوبارہ داخلہ پندرہ روز کے اندر اندر موصول ہو جائے۔ غیر حاضری کی وجہ سے خارج ہونے والے طالب علم کو بعد از اجازت پرنسپل تین دن کے اندر اندر دوبارہ داخلہ فیس جمع کرانا ہوگی۔ تین دن گزر جانے کے بعد دوبارہ داخلہ کے مستحق نہ ہوگا۔ دوبارہ داخلہ ایک تعلیمی سال میں ایک مرتبہ سے زیادہ نہیں ہوسکتا۔

7۔ وظیفہ خوار طلباء کو غیر حاضری کے ایام کا وظیفہ نہیں ملے گا۔ 8۔ کسی بھی نوعیت کی رخصت کو طلباء کی حاضریوں میں شمار نہیں کیا جائے گا۔

9۔ ہاسٹل میں قیام پذیر طلباء ادارہ اور ہاسٹل سے رخصت حاصل کرنے کے لیے علیحدہ علیحدہ درخواست دیں گے۔

10۔ بورڈ / یونیورسٹی کے سالانہ امتحان میں شمولیت کیلئے بورڈ / یونیورسٹی کے مقرر کردہ قوانین کے مطابق کم از کم حاضری اور بہتر کارکردگی لازمی ہوگی۔ غیر تسلی بخش تعلیمی حالت، نامناسب رویہ، حاضریوں میں کمی یا ان میں کسی بھی ایک وجہ کی بناء پر امتحان کا داخلہ نہیں بھیجا جائے گا۔ اگر عارضی طور پر داخلہ بھیجا گیا ہو تو بھی ان میں سے کسی ایک کمی کی بنیاد پر رول نمبر روکا جاسکتا ہے۔ اور امتحان میں شرکت کا استحقاق منسوخ کیا جاسکتا ہے۔ داخل ہونے یا پروموٹ ہونے کے بعد جو طلباء حاضر نہیں ہوں گے وہ خارج تصور ہوں گے اور انکا داخلہ بھی نہیں بھیجا جائے گا۔

## طریق کار برائے عرائض فیس معافی ، امداد کتب ، ریلوے کنسیشن

1۔ طلباء فیس معافی، زکوۃ فنڈ، ریڈ کراس اور طلباء بہبود فنڈ سے رعایت و کتب بینک سے کتب کے حصول کے لیے عرائض اپنے ٹیوٹر انچارج کو دیں گے۔

2۔ ریلوے کنسیشن فارم کی عرائض اور رخصت کی عرائض ٹیوٹر / کلاس انچارج کو دی جائیں گی۔ ہر کلاس و گروپ میں داخلہ میرٹ کے مطابق ہوتا ہے۔ اس لیے کسی ایک گروپ میں تبدیلی صرف میرٹ کی بنیاد پر ہوگی اور اس کے لیے عرضی کلاس انچارج کو ہی دینا ہوگی۔

3۔ غیر حاضری کا جرمانہ معاف نہیں ہوتا دیگر جرمانہ کی معافی کے لیے درخواست ٹیوٹر انچارج کو ہی دینا ہوگی۔ تادیبی کاروائی کی معافی کی درخواست سیکرٹری کالج کونسل کو دی جائے۔

## جرمانہ

1۔ درخواست برائے رخصت نہ دینے کی صورت میں دس روپے یومیہ اور کسی ایک یا ایک سے زیادہ پیریڈز میں غیر حاضری پر بھی 10 روپے جرمانہ ہوگا۔

2۔ ادارہ کے واجبات کی ادائیگی مقررہ تاریخ تک نہ ہونے یا نہ کرنے کی صورت میں 10 روپے یومیہ کے حساب سے جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ یہ رعایت صرف 10 دن کے لیے ہوتی ہے۔ اس رعائتی مدت کے اندر واجبات کی عدم ادائیگی کی صورت میں ایسے طالب علم کا نام ادارہ سے خارج کیا جاسکتا ہے۔ 3۔ عدم ادائیگی واجبات و جرمانہ کی صوت میں خارج شدہ طالب علم کو پرنسپل صاحب کی صوابدید پر دوبارہ داخلہ دیا جاسکتا ہے۔ تاہم طالب علم کو دوبارہ داخلہ فیس -/100 روپے ادا کرنا ہوں گے۔ نیز دوبارہ داخلہ 15 دن کے اند اندر حاصل کرنا ضروری ہے۔

## HED Latest Admission Policy 2016

**A) Online College Admission System:**

Applicants can apply from anywhere, No need for multiple trips and no more standing in queus.
Easy to use just in 3 simple steps.

1) Visit http//www.ocas.punjab.gov.pk
Enter Matric Roll No
2) Select College/Programe and print fee slip
3) Deposit fee (Rs:25) at any branch of Bank of Punjab

**B) Student Fine (Voilating the Discipline) The Following are Different Rates of Fine.**

| Sr. # | Catagory / Discipline | Fine Rate / Remarks |
|---|---|---|
| 1) | In-Complete Uniform. | Rs: 100 |
| 2) | Without Uniform. | Rs: 150 |
| 3) | Breach of any discipline. | Rs; 200 up to Rs:1000 |
| 4) | Bringing of camera / Tape Recorder or Cellular Phone in the College. | Rs: 1000, The thing shall only be returned on the written request of the student parents (along with copy of CNIC) |
| 5) | Absent in December Test / Send up Test. | Rs: 200 Per Paper |

## معافی ، سزا اور جرمانہ

1۔ ادارہ کے قواعد کے تحت غیر حاضری جرمانے عدم ادائیگی واجبات کے جرمانے اور لائبریری کتب کے متعلق جرمانے معاف نہیں کیئے جائیں گے۔ خصوصی جرمانہ صرف معقول وجہ پر معاف ہوسکتا ہے پرنسپل صاحب کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

## شناختی کارڈ

داخلہ کے بعد ہر طالب علم کو ادارہ کی طرف سے ایک شناختی کارڈ مہیا کیا جائے گا جسے ادارہ کے طلباء رعائتی ٹکٹ کے حصول کے لیے اور اپنی شناخت کے لیے استعمال کریں گے۔ اس شناختی کارڈ کو حاصل کرنے کے لیے -/50 روپے ادا کرنا ہوں گے۔ دوبارہ حاصل کرنے کے لیے مزید -/50 روپے ادا کرنا ہوں گے۔ لیکن ایک سال کے دوران دو سے زیادہ بار کارڈ جاری نہیں کئے جائیں گے ناجائز استعمال کی ذمہ داری ادراہ پر نہ ہوگی۔ شناختی کارڈ طلب کرنے پر دکھانا ضروری ہے۔ شناختی کارڈ کی عرضی کلاس انچارج کو دینا ہوگی۔

